# ٹینڈر نوٹس

بحکم ڈپٹی کمشنر لوئر چترال چیئرمین پرچیز کمیٹی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ/زنانہ) ضلع لوئر چترال کو صوبائی حکومت خیبر پختونخوا کی منظوری کے مطابق کلاس نرسری اور گریڈ 1 کے طلباء کو انرولمنٹ کمپین 2025-26 کیلئے سکول بیگز، نوٹ بکس اور منسلکہ سٹیشنری کی فراہمی کے لیے مستند مینوفیکچررز، سپلائرز/مجاز ڈیلرز سے KPPRA رولز 2014 کے فریم ورک ایگریمنٹ/ریٹ کنٹریکٹ ایگریمنٹ کے تحت ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ ٹینڈر فارم ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس (مردانہ/زنانہ) ضلع لوئر چترال سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیا جا سکتا ہے۔ جبکہ ٹینڈرز 29 مئی 2025 کو صبح بوقت 10:00 بجے تک دفتر ڈی۔ای۔او (مردانہ) لوئر چترال کو بذریعہ ڈاک/کوریئر سروس یا دستی موصول ہونے چاہئیں جو کہ اسی دن بوقت دوپہر دو بجے (2:00PM) دفتر چیئرمین پرچیز کمیٹی واقع جنگ بازار اور ٹینڈر دہندگان یا انکے مجاز نمائندوں کے روبرو کھولے جائیں گے۔

شرائط: ٹینڈر دہندگان کا مندرجہ ذیل معیار پر پورا اترنا لازمی ہے۔

1 ٹینڈر دہندہ KPPRA کے ساتھ رجسٹرڈ ہو۔

2 ٹینڈر دہندگان کو انکم ٹیکس کلیرنس سرٹیفکیٹ برائے سال 2023-24 کی تصدیق شدہ کاپیاں ٹینڈر کے ہمراہ جمع کرنے ہونگے۔

3 ٹینڈر دہندہ سٹمپ پیپر پر کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہونے کا بیان حلفی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

4 ٹینڈر دہندہ ایف بی آر کے ساتھ بطور ٹیکس دہندہ رجسٹرڈ ہو۔

5 ٹینڈر فارم میں واضح طور پر Specification کا اندراج کر دیا گیا ہے لہذا اس Specification کو مدنظر رکھ کر اور تمام ٹیکسز جو اس آئٹم پر بمطابق رولز لاگو ہیں شامل کر کے آفر کریں۔

6 ملاکنڈ ڈویژن سے تعلق رکھنے والے کامیاب ٹینڈر دہندہ ایف بی آر سے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے استثنی کا سرٹیفکیٹ پیش کریگا۔ بصورت دیگر قانون کے مطابق تمام لاگو ٹیکسز کی کٹوتی کی جائی گی۔

7 کامیاب ٹینڈر دہندہ کے ساتھ زیر دستخطی KPPRA خیبر پختونخوا کے قوانین کے مطابق ایگریمنٹ دستخط کریگا۔

8 ٹینڈر کے لئے مطلوب دستاویزات کی تفصیل ٹینڈر فارم کے ساتھ جمع کرنا لازمی ہے۔ نامکمل ٹینڈرز کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

9 چیئرمین پرچیز کمیٹی کو مخصوص وجوہات کی بناء پر KPPRA رولز کے تحت ٹینڈرز کو پوری یا جزوی طور پر مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

10 ٹینڈر کے ساتھ 2% سیکیورٹی کا CDR ٹینڈر دہندہ کے پیش کردہ ریٹس کے حساب سے ڈی۔ای۔او مردانہ و زنانہ ضلع لوئیر چترال کے نام پر الگ الگ جمع کرنا ہوگا۔

11 ٹینڈر سنگل سٹیج سنگل انویلپ کے تحت ہوگا۔ لفافہ میں چیک لسٹ کے مطابق پروفائل اور فنانشل پروپوزل جمع کرنا ہوگا۔

12 سکول بیگز اور دیگر اشیاء بہترین کوالٹی کے ہونے چاہئیں۔

13 غیر معیاری اور نمونہ جات کے مطابق سامان سپلائی نہ کرنے والے کو اُن کے خرچ پر سامان واپس کیا جائے گا۔ سیکیورٹی ضبط کی جائے گی جبکہ معاہدہ برائے سپلائی اگلے نمبر پر آنے والے ٹینڈر دہندہ کے ساتھ کیا جائے گا۔

14 ورک آرڈر محکمہ فنانس سے ریلیز ہونے پر بجٹ کے مطابق دیا جائے گا۔

15 مجوزہ ٹینڈر فارم مبلغ -/1000 روپے ناقابل واپسی فیس ڈی ای او مردانہ لوئیر چترال کے دفتر سے ٹینڈر کی اشاعت سے لیکر ٹینڈر کھولنے سے ایک دن قبل تک جاری کئے جائیں گے جس کے لئے فرم کو لیٹر پیڈ پر درخواست دینا ہوگا۔

16 کامیاب بولی دہندہ 30 جون 2025 تک سامان کی سپلائی مکمل نہ کرنے کی صورت میں مجموعی مالیت کا 20% مزید زرضمانت ڈی۔ای۔او مردانہ و زنانہ ضلع لوئر چترال کے نام بشکل کال ڈیپازٹ الگ الگ جمع کرے گا۔

17 آئٹم کے نمونے ٹینڈر کے دن پیش کرنے ہونگے۔ غیر معیاری نمونے اگر کم قیمت بھی ہوں تو رد کئے جائیں گے۔

مہرالنساء
ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر
(زنانہ) ضلع لوئر چترال
District Education Officer
(Female) Chitral Lower

المشتہر
محمود غزنوی
ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر
(مردانہ) ضلع لوئر چترال
District Education Officer
(Male) Lower Chitral